۔ لکوحلز کی ڈی ہائڈریشن لکائل ہیلائڈز کی ڈی ہائڈروہیلوجینیشن سے تیار کیا جاتا ہے۔
۔ کے اہم ری ایکشنز ہیلوجینیشن اور آکسیڈیشن ہیں۔ الکینز کی آکسیڈیشن سے ایک اہم کمپاؤنڈ گلائی کول بنتا ہے۔
لکائنز کو ویسینل ڈائی ہیلائڈز کی ڈی ہائڈروہیلوجینیشن اور ٹیٹرا ہیلائڈز کی ڈی ہیلوجینشین سے تیار کیا جاتا ہے۔
یسٹیلین کا اہم ری ایکشن آگزالک یسڈ کی تیاری ہے۔

(کثیرالانتخابی سوالات)

01۔ ان ہائیڈروکاربن مالیکیولز میں کون سا سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربن ہے؟

(a) C_2H_4 (b) C_3H_6 (c) C_4H_8 (d) C_5H_{12}

02 لکینز کا جنرل فارمولا ہے:

C_nH_{2n-2} | C_nH_{2n} | C_nH_{2n+2} | C_nH_{2n+1}

03 قدرتی گیس کا کتنے فیصد میتھین پر مشتمل ہوتا ہے؟

82% | 83% | 84% | 85%

04 تبادلے کاری ایکشن درج ذیل میں کس کی صفت ہے؟

الکینز | الکینز | الکائنز | ان میں کوئی بھی نہیں

05 میتھین کی ہیلوجی نیشن میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا کمپاؤنڈ نہیں بنتا؟

کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ ($CC\ell_4$) | کلوروفارم ($CHC\ell_3$) | کاربن بلیک (C) | کلورو میتھین ($CH_3C\ell$)

06 الکائل ہیلائڈز کی ریڈکشن کس کی موجودگی میں ہوتی ہے؟

$Zn / HC\ell$ | $Na / HC\ell$ | $Mg / HC\ell$ | $Cu / HC\ell$

07 کلوروفارم کا کیمیائی فارمولا ہے:

$CH_3C\ell$ | $CH_2C\ell_2$ | $CHC\ell_3$ | $CC\ell_4$

08 میں سے کس کو اولی فنز بھی کہا جاتا ہے؟

ینز | ینز | الکائنز | الکوحلز

09 یتھین کی KMnO کے ساتھ آکسیڈیشن سے ــــــــــــــــــــ کمپاؤنڈ بنتا ہے۔

آگزالک ایسڈ | گلائی آکسل | ایتھین گلائی کول | پروٹین گلائی کول

10 الکوحل کی ڈی ہائڈریشن کس کے ساتھ کی جاسکتی ہے؟

NaOH | H_2SO_4 | $HC\ell$ | KOH

11 الکائنز کا دوسرا نام ہے:

اولی فنز | یتھین | پیرافنز | یسٹیلین

12 یسٹیلین کی آکسیڈیشن کا آخری پروڈکٹ کون ہے؟

(a) آگزالک ایسڈ (b) گلائی کول (c) گلائی آکسل (d) ان میں سے کوئی نہیں

13۔ درج ذیل میں سے کون سا ہائڈروکاربن اَن سیچوریٹڈ ہے؟

C_2H_6 C_3H_8

14 درج ذیل میں سے کون سا ہائڈروکاربن سیر شدہ ہے؟

میتھین ایتھائن پروپین پروپائن

15 الکینز کی آکسیڈیشن سے بنتا ہے:

گلائی آکسل آگزالک ایسڈ گلائی کول فارمک ایسڈ

16 ن ہائڈروکاربن مالیکیولز میں سے کون سا برومین کے ایکوئس سلوشن پر کوئی اثر نہیں کرے گا؟

C_2H_2 $C_{10}H_{20}$

17 ـَ ٘ کے نامکمل جلنے سے پیدا ہوتی ہے:

کاربن مونو آکسائیڈ (b) کاربن ڈائی آکسائیڈ

c) کاربن ڈائی آکسائیڈ اور کاربن بلیک d کاربن مونو آکسائیڈ اور کاربن بلیک

18 ـ ٘ کو الکوحلز سے کس پروسس کے تحت تیار کیا جاتا ہے؟

ڈی ہیلوجی نیشن ڈی ہائڈریشن ڈی ہائڈرو ہیلو جی نیشن ڈی ہائڈروجی نیشن

19 ڈی ہائڈروہیلوجی نیشن مندرجہ ذیل میں سے کس کی موجودگی میں ہوتی ہے؟

الکوحلک KOH ایکوئس NaOH الکوحلک NaOH ایکوئس KOH

20 یک ہائڈروکاربن کا مالیکیولر فارمولا C_8H_{14} ہے۔ اسی ہومولوگس سیریز کے اگلے ممبر کا مالیکیولر فارمولا کیا ہے؟

C_9H_{12} C_9H_{20} C_9H_{16} C_9H_{18}

21 لکین ہائڈروکاربنز کے پہلے تین ممبرز کے مالیکیولر فارمولائے CH_4, C_2H_6 اور C_3H_8 ہیں۔ آٹھویں الکین ممبر، آکٹین کا مالیکیولر فارمولا کیا ہوگا جو کہ پیٹرول میں پایا جاتا ہے؟

C_8H_{20} C_8H_{18} C_8H_{16} C_8H_8

22 ہائڈروکاربن 'X' کے ایک مول کے ساتھ ہائڈروجن کا ایک مول ری ایکٹ کرکے سیچوریٹڈ ہائڈروکاربن بناتا ہے۔ X کا فارمولا کیا ہے؟

C_7H_{16} C_4H_{10} C_6H_{12} C_3H_8

23 ٹیٹرا ہیلائڈ کی ڈی ہیلوجی نیشن سے ایسٹیلین بنتی ہے۔ یہ ری ایکشن کس کی موجودگی میں ہوتا ہے؟

میگنیشیم میٹل پوٹاشیم میٹل زنک میٹل سوڈیم میٹل

24۔ تبادلے کاری ایکشن کس کی خاصیت ہے؟

(a) الکینز کا (b) الکینز کا (c) الکائنز کا (d) کوئی نہیں

25 سورج کی مدھم روشنی کی موجودگی میں میتھین کی ہیلوجی نیشن کس طرح ہوتی ہے؟

ایک مرحلے میں آہستگی سے (b) صرف ایک مرحلے میں

(c) تیزی سے دو مراحل میں d چار مراحل کی سیریز میں

26 مندرجہ ذیل میں سے کون سا تبادلے کاری ایکشن ہے؟

ین کی ہیلوجی نیشن الکائنز کی ہیلوجی نیشن

ین برومینیشن d یَن کی ہیلوجینیشن

27 الکینز کے ساتھ ہائڈروجن ہیلائڈز کی ریکٹیویٹی کی ترتیب ہے:

$HI > HBr$ $HBr > HI$ $HC\ell > HBr$ $HBr < HC\ell$

☆☆☆☆☆

(مختصر جوابی سوالات)

سوال01: ***سیچوریٹڈ اور اَن سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کیا ہوتے ہیں؟***

جواب: یپ **ہائڈروکاربنز:** وہ ہائڈروکاربنز جن میں کاربن ایٹمز کی چاروں ویلنسیز دوسرے کاربن اور ہائڈروجن ایٹمز کے ساتھ سنگل بانڈ بنا کر مکمل طور پر مطمئن (سیچوریٹ) ہوتی ہوں، سیچوریٹڈ ہائڈروکاربنز کہلاتے ہیں۔

یپ الکینز بھی کہلاتے ہیں۔ فارمولا:

مثال: H_3C-CH_3

ن سیچوریٹڈ ہائڈروکاربنز: وہ ہائڈروکاربنز جن میں دو کاربن ایٹمز ایک دوسرے کے ساتھ ڈبل یا ٹرپل بانڈ کے ذریعے جڑے ہوتے ہوں، اَن سیچوریٹڈ ہائڈروکاربنز کہلاتے ہیں۔ وہ کمپاؤنڈز جن میں دو کاربن ایٹمز ڈبل بانڈ کے ہیں الکینز کہلاتے ہیں۔ جبکہ وہ ہائڈروکاربنز جن میں دو کاربن ایٹمز ٹرپل بانڈ کے ذریعے جڑے ہوئے ہوتے ہیں الکائنز کہلاتے ہیں۔ فارمولا: الکائنز (C_nH_{2n-2})، الکینز (C_nH_{2n})۔

مثال: $H_2C=CH_2$ (ایتھین)، $HC\equiv CH$ (ایتھائن)

سوال02 ***الکائنز کیا ہوتے ہیں؟ اس کا جنرل فارمولا لکھیے۔***

جواب: ایسے ہائیڈروکاربنز جن میں دوکاربن ایٹمز کے درمیان ٹرپل بانڈ پایا جاتا ہے الکائنز کہلاتے ہیں ان کا جنرل فارمولا C_nH_{2n-2} ہے۔

سوال03: **ریڈکشن ری ایکشن کیا ہے؟ مساوات سے واضح کیجیے۔**

جواب: ریڈکشن کا مطلب نوزائیدہ ہائیڈروجن شامل کرنا ہے۔ اصل میں یہ ایک ہیلوجن ایٹم کا ہائیڈروجن ایٹم کے ساتھ تبادلہ ہے۔ یہ ری ایکشن Zn میٹل اور ℓ کی موجودگی میں ہوتا ہے۔

مساوات: $CH_3Br + 2[H] \xrightarrow{Zn/dil.HC\ell} CH_4 + HBr$

سوال04 **ہیلوجینیشن سے کیا مراد ہے؟**

جواب: کسی بھی کمپاؤنڈ (ہائڈروکاربن) کا ہیلوجن کے ساتھ تبادلے کاری ایکشن ہیلوجینیشن کہلاتا ہے۔

مثال: $CH_4 + 2C\ell_2 \xrightarrow[\text{سورج کی تیز روشنی}]{} C + 4HC\ell$

سوال05 **الکینز (Alkanes) کو فیول کے طور پر کیوں استعمال کیا جاتا ہے؟**

جواب: ی∴ کا جلنا ایک ایکسوتھرمک ری ایکشن ہے جو ایک دفعہ اگنیشن پر بہت زیادہ انرجی پیدا کرتے ہیں اس لیے الکینز کو فیول کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

سوال06 **جلنے کا عمل کیا ہے؟ ایک مثال دیجیے۔**

جواب: ایسا عمل جس میں ہائڈروکاربنز بہت زیادہ ہوا یا آکسیجن کی موجودگی میں مکمل جل کر کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی بناتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ بہت زیادہ حرارت خارج ہوتی ہے، جلنے کا عمل کہلاتا ہے۔ یہ ری ایکشن گاڑیوں کے انجنوں، گھریلو ہیٹروں اور کھانا پکانے والے چولہوں میں ہوتا ہے۔ یہ انتہائی ایکسوتھرمک ری ایکشن ہے اور اسی وجہ سے ہائڈروکاربنز فیول کے طور پر استعمال ہوتی ہیں۔

$$CH_4 + 2O_2 \longrightarrow CO_2 + 2H_2O + \text{حرارت}$$

سوال07 **ی∴ (Alkanes) کو پیرافنز کیوں کہتے ہیں؟**

جواب: ی∴ کے تمام کاربن ایٹمز کے درمیان سنگل بانڈ پایا جاتا ہے جس کا مطلب ہے کہ کاربن ایٹمز سیچوریٹڈ ہوتے ہیں س لیے یہ کم ری ایکٹو ہوتے ہیں سی لیے الکینز کو پیرافنز کہتے ہیں۔ پیرا کا مطلب کم اور افین کا مطلب افینیٹی یاری ایکٹویٹی ہے۔

سوال08 **ہائڈروجینیشن کی تعریف کیجیے اور مثال دیجیے۔**

جواب: سیچوریٹڈ کمپاؤنڈ بنانے کے لیے کیٹالسٹ (Ni, Pt) کی موجودگی میں ان سیچوریٹڈ ہائڈروکاربن میں مالیکیولر جن داخل کرنا ہائڈروجینیشن کہلاتا ہے۔ $H_2C \equiv CH_2 + H_2 \xrightarrow[250-300^oC]{Ni} H_3C - CH_3$

انڈسٹریل سکیل پر ویجی ٹیبل آئل کو بناسپتی گھی میں تبدیل کرنے کے لیے اس ری ایکشن کو استعمال کیا جاتا ہے۔

بناسپتی گھی $\xrightarrow{Ni}$ H_2+ آئل

سوال09: الکینز ری ایکٹو کیوں ہیں؟

جواب: ۔۔ بہت زیادہ ری ایکٹو ہوتے ہیں۔ کیونکہ ان میں ڈبل بانڈ کے الیکٹرونز ری ایکشن کے لیے بآسانی دستیاب ہوتے ہیں۔ یہ کمپاؤنڈز سیچوریٹڈ کمپاؤنڈز بننے کے لیے دوسرے ایٹمز کو شامل کر کے بہت تیزی سے ری ایکشن کرنے کا رجحان رکھتے ہیں۔ نتیجتاً ڈبل بانڈ سنگل بانڈ میں تبدیل ہو جاتا ہے جو کہ زیادہ مستحکم ہے۔

سوال10 ۔۔ کا وقوع لکھئے۔

جواب: 1۔ الکینز، الکینز سے زیادہ ری ایکٹو ہونے کی وجہ سے شاذونادر آزاد حالت میں پائی جاتی ہیں۔

2 لوئر الکینز کول گیس میں نہایت قلیل مقدار میں پیدا ہوتی ہیں۔

3 یتھائلین قدرتی گیس میں پائی جاتی ہے۔ بعض اوقات اس کی مقدار 20 فی صد ہوتی ہے۔

4 پٹرولیم کی کریکنگ سے بہت زیادہ مقدار میں الکینز تیار کی جاتی ہیں۔

سوال11 یتھین کے کچھ استعمالات تحریر کیجیے۔

جواب: ۔ پھلوں کو مصنوعی طریقے سے پکانے کے لیے۔ 2۔ بے ہوش کرنے کے لیے۔

پولی تھین کی تیاری کے لیے۔ پولی تھین ایک پلاسٹک میٹریل ہے جو پیکنگ، کھلونوں، بیگوں وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔

سوال12 ۔۔ کی طبعی خصوصیات تحریر کیجیے۔

جواب: ۔۔ پہلا ممبر ایتھین ہے۔ یہ خوشگوار خوشبو کے ساتھ بے رنگ گیس ہے۔ الکینز نان پولر ہوتی ہیں اس لیے پانی میں ان سولیبل لیکن آرگینک سولوینٹس میں سولیبل ہیں۔ سیریز کا پہلا ممبر ایتھین ہوا سے کم وزنی ہے۔ سیریز میں موجود کمپاؤنڈز کے مالیکیولر سائز میں اضافے سے ان کے میلٹنگ اور بوائلنگ پوائنٹس میں بھی بتدریج اضافہ ہوتا ہے۔

سوال13 ۔۔ نسبت الکینز یادہ ری ایکٹو کیوں ہیں؟

جواب: ۔۔ میں تمام کا بن ایٹمز کے درمیان سنگل بانڈ ہوتے ہیں جس کا مطلب ہے کہ کاربن ایٹمز سیچوریٹڈ ہوتے ہیں س لیے یہ کم ری ایکٹو ہوتے ہیں جبکہ الکینز بہت زیادہ ری یکٹو ہوتے ہیں کیونکہ ان میں ڈبل بانڈ کے الیکٹرونز ری یکشن کے لیے آسانی سے دستیاب ہوتے ہیں یہ کمپاؤنڈز سیچو یٹڈ بننے کے لیے دوسرے ایٹمز کو شامل کر کے بہت تیزی سے ری ایکٹ کرنے کا رجحان رکھتے ہیں۔

سوال14 یسٹیلین کے دو استعمالات تحریر کیجیے۔

جواب: ایسٹیلین آکسیجن کے ساتھ مل کر آکسی ایسٹیلین شعلہ بناتی ہے۔ یہ انتہائی ایکسوتھرمک ری ایکشن ہے۔ اس سے خارج ہونے والی حرارت ویلڈنگ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

2۔ایسٹیلین بہت سے کیمیکلز جیسا کہ الکوحلز، ایسڈز اور ایسٹ ایلڈی ہائڈ بنانے میں استعمال ہوتی ہے۔

سوال15: گلائی آکسل اور آگزیلک ایسڈ کے فارمولے لکھیے۔

جواب: گلائی آکسل $H-\overset{\overset{O}{\|}}{C}-\overset{\overset{O}{\|}}{C}-H$ آگزیلک ایسڈ $HO-\overset{\overset{O}{\|}}{C}-\overset{\overset{O}{\|}}{C}-OH$

سوال16 پلاسٹک انڈسٹری میں ہائڈروکاربنز کا استعمال تحریر کیجیے۔

جواب: ہائڈروکاربنز روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والی بہت سی اشیا جیسا کہ پولیمرز کی تیاری میں را مٹیریلز کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ ان میں پولی تھین اور پولی ایسٹر شامل ہیں۔ یہ پلاسٹکس ایسے سنتھیٹک میٹریلز ہیں جنھیں نرم حالت میں کوئی بھی شکل دی جاسکتی ہے تو سخت ہونے پر پائیدار اشیا بناتے ہیں جو عام زندگی میں استعمال کی جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر کراکری (کپ، گلاس، جگ، پلیٹس، چمچ) فرنیچر (کرسی، میز، سٹول وغیرہ) گاڑیوں کے حصے، الیکٹرک اور سیوریج کے پارٹ اور بہت سی دیگر گھریلو استعمال کی اشیا۔

سوال17 ٹیٹرا کلورو ایتھین (Ethane) سے ایسٹیلین تیار کیجیے۔

جواب: جب ٹیٹرا کلورو ایتھین (Ethane) کو زنک ڈسٹ کے ساتھ گرم کیا جاتا ہے تو ایسٹیلین حاصل ہوتی ہے۔

$$H-\underset{\underset{C\ell}{|}}{\overset{\overset{C\ell}{|}}{C}}-\underset{\underset{C\ell}{|}}{\overset{\overset{C\ell}{|}}{C}}-H+2Zn_{(\text{ڈسٹ})}\xrightarrow{\text{حرارت}}HC\equiv CH+2ZnC\ell_2$$

سوال18 فوسل فیولز کیا ہیں؟ کوئی سے دو استعمالات لکھیے۔

جواب: مردہ جانوروں اور پودوں کی باقیات جو زیر زمین ٹمپریچر، اوپر سے لگنے والے پریشر اور بیکٹیریا کے عمل سے ڈی کمپوزیشن کے ذریعے پٹرولیم، کوئلے اور گیس میں تبدیل ہوگئے۔ کوئلہ، پٹرولیم اور گیس فوسل فیولز ہیں۔ یہ گاڑیوں میں فیول کے طور پر اور پلاسٹک کی مختلف چیزیں بنانے کے کام آتے ہیں۔

سوال19 ایلکینز (Akenes) کی ہائڈروجینیشن کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: سیچوریٹڈ کمپاؤنڈ بنانے کے لیے کیٹالسٹ (Ni, Pt) کی موجودگی میں اَن سیچوریٹڈ ہائڈروکاربن میں مالیکیولر جن داخل کرنا الکینز کی ہائڈروجینیشن کہلاتا ہے۔

$$H_2C=CH_2+H_2\xrightarrow[250-300^{o}C]{Ni}H_3C-CH_3$$

انڈسٹریل سکیل پر ویجیٹیبل آئل کو بناسپتی گھی میں تبدیل کرنے کے لیے اس ری ایکشن کا استعمال کیا جاتا ہے۔

$$\text{آئل}+H_2\xrightarrow{Ni}\text{بناسپتی}$$

سوال20 ہائیڈروکاربنز (الکینز) کو فیول کے طور پر کیوں استعمال کیا جاتا ہے؟

جواب: الکینز بہت زیادہ ہوا یا آکسیجن کی موجودگی میں جل کر کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی بناتی ہیں۔ اور اس کے ساتھ بہت زیادہ ہائڈروجن خارج ہوتی ہے۔ یہ ری ایکشن گاڑیوں کے انجنوں، گھریلو ہیٹروں اور کھانا پکانے والے چولہوں میں ہوتا ہے۔ یہ انتہائی ایکسوتھرمک ری ایکشن ہے اور اسی وجہ سے الکینز فیول کے طور پر استعمال ہوتی ہیں۔

سوال21: **یک کیمیکل ٹیسٹ کے ذریعے پروپین اور پروپَین کی شناخت کیجیے۔**

جواب: پروپین میں اگر پوٹاشیم پرمیگنیٹ کے ایسڈک سلوشن کو شامل کر دیا جائے تو یہ ڈی کلرائزڈ ہو جاتی ہے۔ لیکن اگر پَیں میں پوٹاشیم پرمیگنیٹ کے ایسڈک سلوشن کو شامل کیا جائے تو یہ ڈی کلرائزڈ نہیں ہوتا۔

سوال22 **یـ کیوں "اولی فنز" کہلاتی ہیں؟**

جواب: یـ کمپاؤنڈز اولی فنز ایک لاطینی لفظ ہے جس کا مطلب آئل بنانے والے کے نام سے بھی جانے جاتے ہیں۔ کیونکہ اس کے نیچے والے ممبرز جب ہیلوجن کے ساتھ ری ایکشن کرتے ہیں تو آئلی پروڈکٹس بناتے ہیں۔

سوال23 **$KMnO_4$ سلوشن کے ساتھ الکین کو کیوں آکسیڈ ائز نہیں کیا جا سکتا؟**

جواب: لکین (Alkane) ایسڈک ڈ یلیوٹ پوٹاشیم پرمیگنیٹ کے سلوشن کو ڈی کلرائزڈ نہیں کر سکتی اور نہ ہی آکسیڈائزڈ سکتی ہے۔ کیونکہ الکین میں ڈبل اور ٹرپل بانڈ موجود نہیں ہوتے۔ جبکہ الکینز پوٹاشیم پرمیگنیٹ کے ایسڈک سلوشن کے گلابی رنگ کو ختم کر دیتی ہے۔ کیونکہ ڈبل بانڈ کے الیکٹرونز MnO_4 آئنز کے ساتھ ری ایکشن کرتے ہیں اور اس ری ایکشن کے نتیجے میں MnO_2 اور ایتھین گلائی کول بنتی ہے۔ اس طرح ڈبل بانڈ پر دو ہائڈرو آکسل گروپ شامل ہوتے ہیں۔

سوال24 **جواز پیش کیجیے کہ الکینز تبادلے کے ری ایکشنز دیتی ہیں۔**

جواب: یساری ایکشن جس میں سیچوریٹڈ کمپاؤنڈ کے ایک یا ایک سے زیادہ ہائڈروجن ایٹمز کو دوسرے ایٹمز (جیسا کہ ہیلوجن) کے ساتھ تبدیل کیا جاتا ہے تبادلے کا ری ایکشن کہلاتا ہے۔ یہ ری ایکشنز الکینز کی ایک اہم خصوصیت ہے کیونکہ الکینز سیچوریٹڈ ہائڈروکاربنز ہیں۔ یہ ایڈیشن ری ایکشن کی بجائے تبادلے کے ری ایکشنز دیتی ہے۔

سوال25 **یـ اور الکائنز دونوں اَن سیچوریٹڈ ہائڈروکاربنز ہیں۔ ان دونوں کے درمیان سب سے اہم فرق بیان کیجیے۔**

جواب: یـ میں دو کاربن ایٹمز کے درمیان ڈبل بانڈ پایا جاتا ہے۔ ان کا جنرل فارمولا C_nH_{2n} ہے۔

الکائنز میں دو کاربن ایٹمز کے درمیان ٹرپل بانڈ پایا جاتا ہے اور ان کا جنرل فارمولا C_nH_{2n-2} ہے۔

سوال26 **یتھائن کا مالیکیولر، سٹرکچرل اور ڈاٹ کراس فارمولا لکھیے۔**

جواب: مالیکیولر فارمولا C_2H_2

کراس اینڈ ڈاٹ فارمولا H ×• C ⁝⁝ C •× H

سٹرکچرل فارمولا $H-C\equiv C-H$

سوال27 **یـ کی طبعی خصوصیات لکھیے۔**

جواب: الکینز کی طبعی خصوصیات ذیل میں بیان کی جاتی ہیں:

1۔ الکینز کمپاؤنڈز کی ہومولوگس سیریز بناتے ہیں۔ اس سیریز کے پہلے پانچ ممبرز گیسز ہیں۔ C_5 سے C_{10} تک کے مائع جبکہ اس سے بڑے ممبرز ٹھوس ہوتے ہیں۔

2 یہ نان پولر ہیں اس لیے یہ پانی میں ان سولیبل لیکن آرگینک سولوینٹس میں سولیبل ہیں۔

3 مالیکیولر سائز میں اضافے سے الکینز کم آگ پکڑتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ انہیں جلانا مشکل ہوتا ہے۔

سوال28: **آپ ایتھین (Ethane) اور ایتھین (Ethene) کی شناخت کیسے کر سکتے ہیں؟**

جواب: ایتھین (Ethane) کو کاربن ٹیٹرا کلورائڈ ($CC\ell_4$) میں سولیبل کریں اور اس میں برومین واٹر شامل کریں۔ برومین کا رنگ ختم نہیں ہو گا۔ اب ایتھین (Ethene) کو کاربن ٹیٹرا کلورائڈ میں سولیبل کریں اور اس میں برومین واٹر شامل کریں۔ برومین کا رنگ ختم ہو جائے گا۔

سوال29 **واٹر میں ایتھین (Ethene) شامل کرنے سے اس کا رنگ کیوں ختم ہو جاتا ہے؟**

جواب: میں ایتھین شامل کرنے سے اس کا ڈبل بانڈ، سنگل بانڈ میں تبدیل ہو جاتا ہے اور ایتھین ڈائی برومائڈ بن جاتا ہے۔ یہ ایک بے رنگ مائع ہے۔

$$H_2C=CH_2+Br_2 \longrightarrow Br-CH_2-CH_2-Br$$

سوال30 **درج ذیل کا ایک اہم استعمال لکھیے۔**

(i) ایتھین (ii) ایسٹی لین (iii) کلوروفام (iv) کاربن ٹیٹرا کلورائڈ

جواب: (i) **ایتھین** بہت سے کمپاؤنڈز جیسا کہ ایتھائلین آکسائڈ، ایتھائل الکوحل، ایتھائلین گلائکول، ڈائی ایتھائل ایتھر وغیرہ کی تیاری میں بنیادی مٹیریل کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔

(ii **یسٹیلین** آکسیجن کے ساتھ مل کر آکسی ایسٹیلین شعلہ بناتی ہے۔ یہ انتہائی ایکسو تھرمک ہے۔ اس سے خارج ہونے والی حرارت ویلڈنگ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

(iii **کلوروفام** کو ربڑ او ویکسز وغیرہ کے سولوینٹ او بے ہوش کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

(iv **کاربن ٹیٹرا کلورائڈ** اہم پیٹروکیمیکلز میں شامل ہوتا ہے۔

چیپٹر 13 بائیوکیمسٹری

اہم عنوانات

☆ کاربوہائیڈریٹس
پروٹینز
لپڈز
نیوکلیک ایسڈز
وٹامنز

اہم نکات

کاربوہائیڈریٹس پولی ہائیڈرآکسی ایلڈی ہائیڈز یا کیٹونز ہیں۔ ان کی کلاسیفکیشن مونوسکرائیڈز، اولیگوسکرائیڈز اور پولی سکرائیڈز میں کی جاتی ہے۔
مونوسکرائیڈز 3 سے 9 کاربن ایٹمز پر مشتمل ان ہائیڈرولائزیبل کمپاؤنڈز ہیں۔ یہ میٹھے، کرسٹلائن ٹھوس اور پانی میں سولیبل ہیں۔
اولیگوسکرائیڈز کو 3 سے 9 یونٹس مونوسکرائیڈز حاصل کرنے کے لیے ہائیڈرولائز کیا جاتا ہے۔ یہ بھی میٹھے، کرسٹلائن ٹھوس اور پانی میں سولیبل ہیں۔
پولی سکرائیڈز سینکڑوں، ہزاروں مونوسکرائیڈز پر مشتمل ہوتے ہیں۔ یہ بے ذائقہ، ایمورفس ٹھوس اور پانی میں اِن سولیبل ہیں۔
کاربوہائیڈریٹس قدرتی طور پر تیار کردہ میکرومالیکیولز ہیں۔ یہ پھلوں، سبزیوں، دودھ اور دالوں وغیرہ میں پائے جاتے ہیں۔
کاربوہائیڈریٹس انرجی کا اہم سورس ہیں۔
ٹینز امائنو ایسڈز پر مشتمل نائٹروجینیس کمپاؤنڈز ہیں۔ پروٹین بنانے کے لیے ہزاروں امائنو ایسڈز ایک دوسرے سے پیپٹائڈ لنکیج کے ذریعے جڑے ہوتے ہیں۔
امائنو ایسڈز کی تعداد بیس ہے۔ ان میں سے دس انسانی جسم میں تیار کیے جاتے ہیں اور یہ نان ایسینشل امائنو ایسڈز کہلاتے ہیں۔ جبکہ دوسرے دس انسانی جسم میں تیار نہیں کیے جاسکتے یہ ایسینشل امائنو ایسڈز کہلاتے ہیں۔
ینیمل پروٹینز کے سورسز گوشت، مکھن، چکن، مچھلی اور انڈے ہیں۔
نسان پروٹینز استعمال کرتے ہیں کیونکہ یہ پروٹوپلازم بنانے کے لیے ضروری ہیں۔

☆	لپڈز فیٹی ایسڈز سے بنے ہوئے میکرو مالیکیولز ہیں یہ آئلز اور فیٹس ہیں۔
	فیٹی ایسڈز سیچوریٹڈ یا ان سیچوریٹڈ کاربا کسلک ایسڈز کی لانگ چین ہیں۔
	پٹ بہت زیادہ انرجی والے کمپاؤنڈز ہیں۔ یہ جانوروں، پودوں اور مائیکرو آرگنزمز کے ذریعے قدرتی طور پر تیار ہوتے ہیں۔
	نیوکلیک ایسڈز، نیوکلیوٹائڈز سے بنے ہوئے لانگ چین والے مالیکیولز ہیں۔
	DNA ایک لمبا ڈبل سٹرینڈڈ مالیکیول ہے اور اگلی نسل میں جنیٹک ہدایات منتقل کرنے کا ذمہ دار ہے۔
	RNA ایک سنگل سٹرینڈڈ مالیکیول ہے یہ پروٹینز کی تیاری کا ذمہ دار ہے۔
	وٹامنز گروتھ کے لیے ضروری فیکٹرز ہیں۔ ان کی دو اقسام ہیں: فیٹ میں سولیبل وٹامنز (A،D،E اور K) اور واٹر سولیبل وٹامنز (B کمپلیکس اور وٹامن C) ہیں
	وٹامنز ہمارے جسم کی صحیح گروتھ اور ترقی کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

(کثیر الانتخابی سوالات)

01۔ کاربوہائیڈریٹس کا جنرل فارمولا ہے:

(a) $C_{n-1}(H_2O)_n$ (b) $C_n(H_2O)_{n-1}$ (c) $C_n(H_2O)_n$ (d) $C_n(OH)_n$

02 مندرجہ ذیل میں سے پینٹاہائیڈروکسی ایلڈی ہائیڈ کون سا ہے؟

سٹارچ گلوکوز فرکٹوز سیلولوز

03 فوٹوسنتھی سز کے عمل سے پیدا ہوتا ہے:

سٹارچ سیلولوز سکروز گلوکوز

04 گلوکوز اور فرکٹوز کے ملنے سے بنتا ہے:

سٹارچ سکروز سیلولوز ان میں سے کوئی نہیں

05 سب سے اہم اولیگوسکرائیڈ ہے:

سکروز گلوکوز فرکٹوز مالٹوز

06 مندرجہ ذیل میں سے کون سا ڈائی سکرائیڈ ہے؟

گلوکوز فرکٹوز سکروز سٹارچ

07 درج ذیل میں سے کون سا بے ذائقہ ہے؟

گلوکوز سٹارچ فرکٹوز سکروز

08۔ جانوروں کے خشک سیل کے وزن کا تقریباً ---------- فی صد پروٹینز سے بنا ہوتا ہے۔

(a) 25 (b) 50 (c) 75 (d) 100

09 ہزاروں امائنو ایسڈز پولیمرائز ہو کر بناتے ہیں:

کاربوہائیڈریٹ لپڈز وٹامنز پروٹینز

10 مندرجہ ذیل میں سے ---------- ٹرائی گلیسرائیڈ ہے۔

کاربوہائیڈریٹس پروٹینز لپڈز وٹامنز

11 سٹرک ایسڈ کا فارمولا ہے:

$C_{17}H_{35}COOH$ (b $C_{17}H_{33}COOH$

(c $C_{17}H_{37}COOH$ d $C_{15}H_{31}COOH$

12 وٹامن ---------- پانی میں حل ہو جاتا ہے۔

A B E D

13 مند جہ ذیل میں سے کون سا وٹامن فیٹ سولیبل ہے؟

اے ای کے یہ تمام

14 وٹامن ای (E) کی کمی سے کون سی بیماری ہوتی ہے؟

سقروی سوکھے کی بیماری نائٹ بلائنڈنیس بچوں میں اینیمیا

15 نائٹ بلائنڈنیس کس کی کمی کی وجہ سے ہوتا ہے؟

وٹامن A وٹامن B وٹامن C وٹامن D

16 پینٹا ہائڈرو آکسی کیٹون کہلاتا ہے:

گلوکوز سٹارچ سکروز فرکٹوز

17 مندرجہ ذیل میں سے کون سا وٹامن پانی میں سولیبل ہے؟

وٹامن وٹامن D وٹامن وٹامن E

18 وٹامن B1 (تھائی مین) کس نے دریافت کیا؟

ہاپکنز فنک بوہر واٹسن

19 فرکٹوز کا کیمیائی فارمولا ہے:

$C_{12}H_{22}O_{11}$ $C_6H_{12}O_6$

20 ویجی ٹیبل آئل کی ہائڈروجی نیشن میں کیٹالسٹ استعمال ہوتا ہے:

$A\ell$ Ni Co Pt

21 باسی مکھن کی بدبو کس ایسڈ کی وجہ سے ہوتی ہے؟

(a) بیوٹانوئک (b) نائٹرک ایسڈ (c) ٹارٹارک ایسڈ (d) سلفیورک ایسڈ

22۔ مندرجہ ذیل میں کس میں سٹارچ موجود نہیں ہوتی؟

گنا جَو مکئی آلو

23 کون سی ریڈیوسنگ شوگر ہے؟

گلوکوز مالٹوز سکروز سٹارچ

24 کاربوہائیڈریٹس فوٹو سنتھی سز کے عمل کے ذریعے پودوں میں تیار ہوتے ہیں۔ اس عمل کے لئے مندرجہ ذیل میں کس کی ضرورت نہیں ہوتی؟

O_2 اور پانی

c) کلوروفل d سورج کی روشنی کی موجودگی

25 مندرجہ ذیل میں سے کون سی خصوصیت مونوسکرائیڈز میں نہیں پائی جاتی؟

ہائڈرولائزڈایبل سفید کرسٹلائن ٹھوس

پانی میں سولیبل قدرتی طور پر ریڈیوسنگ

26 گلوکوز اور سکروز کے بارے میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں؟

کاربوہائڈریٹس b) پانی میں سولیبل

قدرتی طور پر پائے جانے والے d ڈائی سکرائیڈز

27 بلیڈنگ کو روکنے کے لئے دوا کے طور پر کون سے آرگینک کمپاؤنڈز استعمال کیے جاتے ہیں؟

گلیسرائڈ لپڈز پروٹینز وٹامنز

☆☆☆☆☆

(مختصر جوابی سوالات)

سوال01: مونوسکرائیڈز کیا ہوتے ہیں؟

جواب: مونوسکرائیڈز عام شوگرز ہیں جنہیں ہائڈرولائزڈ نہیں کیا جا سکتا۔ یہ 3 سے 9 کاربن ایٹمز پر مشتمل ہوتے ہیں۔ اس لیے انہیں ان کے مالیکیولز میں موجود کاربن ایٹمز کی تعداد کی بنا پر ٹرائی اوسز، ٹیٹرا اوسز، پینٹا اوسز اور مزید کلاسز میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ اہم مونوسکرائیڈز گلوکوز اور فرکٹوز ہیں۔

سوال02 بائیوکیمسٹری کیا ہے؟

جواب: کیمسٹری کی وہ شاخ جس میں ہم جاندار اجسام کے اندر پائے جانے والے کیمیائی مادوں کی ساخت، ترکیب اور ان کے کیمیائی عمل کا مطالعہ کرتے ہیں بائیوکیمسٹری کہلاتی ہے۔

سوال03: **کاربوہائیڈریٹس کیا ہیں؟ ان کی تین کلاسز کے نام لکھئے۔ نیز ان کا فارمولا بھی لکھئے۔**

جواب: کاربوہائیڈریٹس میکرومالیکیولز ہیں جن کی تعریف پولی ہائڈروآکسی ایلڈی ہائڈز یا کیٹونز کے طور پر کی جاتی ہے۔ یہ ہمیں انرجی مہیا کرتے ہیں۔ ان کا جنرل فارمولا $C_n(H_2O)_n$ ہے۔

کلاسز: مونوسکرائیڈ، اولیگوسکرائیڈ اور پولی سکرائیڈ

سوال04 **پروٹینز کے دو استعمالات لکھئے۔**

جواب: 1۔ کھالیں پروٹینز ہیں۔ یہ چمڑا بنانے میں استعمال ہوتی ہیں۔ چمڑا جوتے، جیکٹس اور کھیلوں کا سامان وغیرہ بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔ 2 جیلیٹن بیکری کی اشیا بنانے میں استعمال کی جاتی ہے۔

سوال05 **ٹ۔میں کون کون سے ایلیمنٹس پائے جاتے ہیں؟**

جواب: ٹ۔کاربن، ہائڈروجن، آکسیجن، نائٹروجن اور سلفر پر مشتمل ہوتے ہیں۔

سوال06 **جیلیٹن کو کیسے حاصل کیا جاتا ہے؟**

جواب: ٹ۔ہڈیوں میں پائی جاتی ہے۔ جب ہڈیوں کو گرم کیا جاتا ہے تو جیلیٹن بنتی ہے۔ جیلیٹن بیکری کی اشیا بنانے میں استعمال کی جاتی ہے۔

سوال07 **ایسنشیل اور نان ایسنشیل امائنو ایسڈز میں فرق لکھئے۔**

جواب: بیس میں سے دس امائنو ایسڈز انسانی جسم میں بنتے ہیں اور یہ نان ایسنشیل امائنو ایسڈز کہلاتے ہیں جبکہ باقی دس جو ہمارا جسم نہیں بنا سکتا ایسنشیل امائنو یسڈز کہلاتے ہیں۔ ہمارے جسم کو ایسنشیل امائنو ایسڈز کی ضرورت ہوتی ہے اور یہ خوراک کے ذریعے لازمی طور پر مہیا کیے جاتے ہیں۔

سوال08 **پروٹین کی تعریف کیجیے۔ یہ کیسے بنتے ہیں؟**

جواب: ٹ۔امائنو ایسڈز سے بنے ہوئے انتہائی پیچیدہ نائٹروجینیس کمپاؤنڈز ہیں۔ پر ٹینز کاربن، ہائڈروجن، آکسیجن، نائٹروجن اور سلفر پر مشتمل ہوتے ہیں۔ یہ امائنو ایسڈز کے پولیمرز ہیں۔ پروٹینز 10 ہزار سے زائد امائنو ایسڈ مالیکیولز سے مل کر بنتی ہیں۔ ہائڈرولائسز کے نتیجے میں تمام پروٹینز امائنو ایسڈز میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔

سوال09 **فیٹس کی دو خصوصیات تحریر کیجیے۔**

جواب: فیٹس روم ٹمپریچر پر ٹھوس حالت پائے جاتے ہیں۔ 2۔ یہ سیچوریٹڈ فیٹی ایسڈز کے ٹرائی گلیسرائڈز ہیں۔

سوال10 **لپڈز کا جنرل فارمولا لکھئے۔**

جواب:



سوال11 **رائبونیوکلیک ایسڈ RNA کی وضاحت کیجیے۔**

جواب: یہ رائبوز شوگر پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ ایک سنگل سٹرینڈڈ مالیکیول ہے جو پروٹینز بنانے کے لیے سیل کو جنیٹک انفارمیشن فراہم کرتا ہے۔ اس کا کردار ایک میسنجر کی طرح ہے۔ DNA جنیٹک ہدایات کو منتقل کرنے کے لیے RNA بناتا ہے۔ RNA نئی پروٹینز بنانے کے لیے جنیٹک ہدایات کو وصول کرتا ہے، پڑھتا ہے، ڈی کوڈ کرتا ہے ور انہیں استعمال کرتے ہوئے نئی پروٹینز بناتا ہے۔ پس RNA نئی پروٹینز بنانے کا ذمہ دار ہے۔

سوال 12: **وٹامن D کے سورسز اور استعمالات لکھیے۔**

جواب: **سورسز:** مچھلی کا جگر، ڈیری پروڈکٹس، آئلز اور فیٹس۔ جب جلد پر سورج کی روشنی پڑتی ہے تو وٹامن D بنتا ہے۔

استعمالات: کیلسیم کو جذب کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے جو کہ ہڈیوں کو صحت مند رکھنے کے لیے ضروری ہے۔

سوال 13 **فیٹ سولیبل وٹامنز کیا ہوتے ہیں؟ ان کے نام تحریر کیجیے۔**

جواب: ایسے وٹامنز جو فیٹس میں سولیبل ہوں فیٹ سولیبل وٹامنز کہلاتے ہیں۔ جیسے وٹامن E, D, A اور K۔

سوال 14 **اینزائمز کے تجارتی پیمانے پر دو استعمالات لکھیے۔**

جواب: 1۔ خمیر میں موجود اینزائمز کو تجارتی پیمانے پر گنے کی راب اور سٹارچ کی فرمینٹیشن سے الکوحل (ایتھائل الکوحل) بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

2۔ ایمالیز انزائمز مزید سٹارچ پیدا کر سکتے ہیں۔ حتیٰ کہ یہ سٹارچ کو میٹھے گلوکوز شربت میں تبدیل کرنے کے لیے بھی کافی مؤثر ہیں۔ یہ بریڈ بنانے اور خوراک میں مٹھاس لانے کے لیے بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

سوال 15 **پودے کاربوہائیڈریٹس کیسے بناتے ہیں؟ یا فوٹو سنتھی سز کیا ہے؟**

جواب: فوٹو سنتھی سز کے عمل سے سورج کی وشنی کی موجودگی میں سبز پگمنٹ کلوروفل کی موجودگی میں پانی اور CO_2 کے ملاپ سے کاربوہائیڈریٹس بناتے ہیں۔

$$6CO_2 + 6H_2O \xrightarrow[\text{کلوروفل}]{\text{سورج کی روشنی}} C_6H_{12}O_6 + 6O_2$$

سوال 16 **مونوسکرائڈز کی خصوصیات تحریر کیجیے۔**

جواب: سفید کرسٹلائن ٹھوس ہیں۔ یہ پانی میں سولیبل ہیں اور ان کا ذائقہ میٹھا ہوتا ہے۔ یہ ہائڈرولائزڈ نہیں ہوتے۔ فطرتی طور پر ریڈیوسنگ ہوتے ہیں اس لیے انہیں ریڈیوسنگ شوگر کہتے ہیں۔

سوال 17 **گلوکوز اور فرکٹوز میں کیا فرق ہے؟**

جواب: گلوکوز ایک پینٹا ہائڈرو آکسی ایلڈی ہائڈ جبکہ فرکٹوز ایک پینٹا ہائڈرو آکسی کیٹون ہے۔



گلوکوز



فرکٹوز

سوال18: ڈائی سکرائیڈز کی ایک مثال دیجیے کہ اسے مونو سکرائیڈز میں ہائیڈرولائزڈ کیسے کیا جاتا ہے؟

جواب: سکروز کی ہائیڈرولائسز میں سے ایک یونٹ گلوکوز اور ایک یونٹ فرکٹوز بنتا ہے۔

$$C_{12}H_{22}O_{11} + H_2O \xrightarrow[\text{حرارت}]{\text{Dil. HC}\ell} C_6H_{12}O_6 + C_6H_{12}O_6$$

سکروز گلوکوز فرکٹوز

سوال19 پولی سکرائیڈز کی خصوصیات بیان کیجیے۔

جواب: یہ میکرومالیکیولر کاربوہائیڈریٹس ہیں۔ یہ سینکڑوں سے ہزاروں تک مونوسکرائیڈز پر مشتمل ہیں۔ یہ ایمورفس ٹھوس اور بے ذائقہ ہوتے ہیں۔ پانی میں انسولیبل ہیں اور نان ریڈیوسنگ خواص رکھتے ہیں۔

سوال20 پروٹینز کہاں پائی جاتی ہیں؟

جواب: جانوروں کے تمام سیلز اور ٹشوز کا اہم جزو ہیں۔ پروٹین مسلز، جلد، بالوں، ناخنوں، وول اور پروں وغیرہ میں پائی جاتی ہے۔

سوال21 کاربوہائیڈریٹس کے استعمالات بیان کیجیے۔

جواب: کاربوہائیڈریٹس کے استعمالات درج ذیل ہیں:

1۔ یہ انرجی کا ذریعہ ہیں۔ 2۔ بیکٹیریئل نیوٹریشن

3۔ مسل کریمپنگ سے حفاظت 4۔ یہ بلڈ پریشر کو کنٹرول کرتے ہیں۔

سوال22 لیکٹوز ایک ڈائی سکرائڈ ہے اس میں کون کون سے مونوسکرائڈز ہوتے ہیں؟

جواب: لیکٹوز میں گلوکوز اور گلیکٹوز مونوسکرائڈز ہوتے ہیں۔

سوال23 دس امائنو ایسڈز ہمارے لیے کیوں ایسنشیل ہیں؟

جواب: کیونکہ ہمارا جسم انہیں تیار نہیں کر سکتا اور ہمیں انہیں غذا کے ذریعے حاصل کرنا پڑتا ہے۔

سوال24 جیلیٹن کو کیسے حاصل کیا جاتا ہے؟

جواب: ہڈیوں میں پروٹینز پائی جاتی ہے۔ جب ان ہڈیوں کو گرم کیا جاتا ہے تو جیلیٹن بنتی ہے۔

سوال25 تین فیٹی ایسڈز کے نام او ان کے فارمولاز لکھئے۔

جواب: پالمیٹک ایسڈ $C_{15}H_{31}COOH$ 2۔ سٹیرک ایسڈ $C_{17}H_{35}COOH$

اولینک ایسڈ $C_{17}H_{33}COOH$

سوال26 وٹامنز کی اہمیت کیا ہے؟

جواب: ۔ وٹامنز بہت اہم ہیں کیونکہ یہ ہماری گروتھ میں کردار ادا کرتے ہیں۔

2۔ جسم کے میٹابولزم کو ریگولر بناتے ہیں۔ 3۔ ہڈیوں اور ٹشوز کے بننے میں مدد دیتے ہیں۔

سوال27 وٹامن A کے سورسز اور استعمالات تحریر کیجیے۔

جواب: وٹامن A کے سورسز مندرجہ ذیل ہیں:

ڈیری پروڈکٹس، انڈے، آئلز، فیٹس، مچھلی اور سبز سبزیاں وغیرہ۔ وٹامن A کے استعمالات مندرجہ ذیل ہیں:

1۔وٹامن A اپی تھیلیم کو ٹھیک کرتا ہے۔ 2۔یہ ریٹینا کے اندھیرے میں تصرف کرنے کے عمل کو بہتر بناتا ہے۔

سوال28: <u>'جنیٹک کوڈ آف لائف' سے کیا مراد ہے؟</u>

جواب: DNA میں جنیٹک انفارمیشن ذخیرہ ہوتی ہے۔ یہ انفارمیشن نسل در نسل ہدایات کے طور پر امائنو ایسڈز سے پروٹینز بنانے میں منتقل ہوتی ہے۔ ان ہدایات کو جنیٹک کوڈ آف لائف کہا جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

چیپٹر 14 اٹموسفیئر

اہم عنوانات

☆ اٹموسفیئر کی کمپوزیشن
ٹ یٔ لیئرز
ہوا کے پلوٹینٹس
ایسڈ رین اور اس کے اثرات
اوزون کا خاتمہ اور اس کے اثرات

اہم نکات

ٹ یٔ زمین کے گرد مختلف گیسز کا غلاف ہے۔
ٹمپریچر میں تبدیلی کی بنا پر اٹموسفیئر کو چار ریجنز ٹروپوسفیئر، سٹریٹوسفیئر، میسوسفیئر اور تھرموسفیئر میں تقسیم کیا گیا ہے۔
ٹروپوسفیئر زمین کی سطح کے بالکل اوپر 12 کلومیٹر تک بلند ہے۔
ٹ سفیرک ماس کا 75 فیصد حصہ ٹروپوسفیئر میں موجود ہے۔
یٔ میں تمام موسم پائے جاتے ہیں۔ اس ریجن میں موجود کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی کے بخارات اٹموسفیئر کے ٹمپریچر کو برقرار رکھنے کے ذمہ دار ہیں۔
فیئر سے اوپر سٹریٹوسفیئر ہے اور یہ 50 کلومیٹر تک بلند ہے۔ اس ریجن میں اوزون لیئر کی موجودگی کی وجہ سے ٹمپریچر اوپر کی جانب بڑھتا ہے۔

☆ سٹریٹوسفیئر سے اوپر میسوسفیئر ہے اور یہ 85 کلومیٹر تک بلند ہے۔
میسوسفیئر سے اوپر تھرمو ئی موجود ہے۔
ہوا کے پلوٹینٹس کے قدرتی سورسز آرگینک کمپاؤنڈز کی ڈی کمپوزیشن اور آتش فشاں پہاڑوں کا پھٹنا ہے۔
انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے ہوا کے پلوٹینٹس کے سورسز گاڑیوں کے انجنوں اور انڈسٹریز کی بھٹیوں میں فوسل فیولز کا جلنا ، کھلی ہوا اور جنگلات میں آگ کا جلنا ہیں۔
کاربن ڈائی آکسائیڈ زمین کے گرد لیئر بناتی ہے جو زمین سے خارج ہونے والی انفرا ریڈ ریڈی ایشنز کو جذب کر لیتی ہے۔ جس کے باعث اٹموسفیئر گرم ہوتا جا رہا ہے جو گرین ہاؤس ایفیکٹ کہلاتا ہے۔
کاربن مونو آکسائیڈ انتہائی زہریلی گیس ہے اس لیے یہ صحت کے لیے نقصان دہ ہے۔
SO_2 بھی صحت کے لیے نقصان دہ ہے اور یہ ہوا میں موجود پانی کے بخارات کے ساتھ مل کر سلفیورک ایسڈ بناتی ہے جو کہ ایسڈ رین کا ایک جُز ہے۔
ایسڈ رین H_2SO_4 اور HNO_3 پر مشتمل ہوتی ہے جو بارش کے پانی کی pH کو 4 تک کم کر دیتی ہے۔
اوزون لیئر زمین کی سطح سے تقریباً 25 سے 30 کلومیٹر بلند سٹریٹوسفیئر میں موجود ہے۔
اوزون لیئر زمین کو سورج کی نقصان دہ الٹرا وائلٹ ریڈی ایشنز سے بچاتی ہے۔
کلوروفلوروکاربنز اوزون مالیکیولز کو تباہ کر دیتے ہیں۔ جس کے باعث اوزون کی کمی ہوتی ہے جسے اوزون ہول کہتے ہیں۔
اوزون کی کمی کی وجہ سے سورج کی الٹرا وائلٹ ریڈی ایشنز زمین تک بغیر رکاوٹ پہنچتی ہیں جو متعدی بیماریوں کا سبب بنتی ہیں، پودوں کے لائف سائیکل اور ہواؤں کے پیٹرن کو تبدیل کرتی ہیں۔

(کثیر الانتخابی سوالات)

01۔ ایٹموسفیرک ماس کا تقریباً 99% حصہ کتنے کلومیٹر تک سطح کے اندر رہے؟

(a) 10km (b) 20km (c) 30km (d) 40km

02 ٹمپریچر میں تبدیلی کی بنا پر ایٹموسفیئر کو۔۔۔۔۔ ۔۔۔۔۔۔ ریجنز میں تقسیم کیا گیا ہے۔

ایک دو تین چار

03 زمین کی سطح کے بالکل اوپر کون سا سفیئر ہے؟

میزوسفیئر سٹریٹوسفیئر تھرموسفیئر ٹروپوسفیئر

04 گلوبل وارمنگ کی وجہ ہے:

SO_2 NO_2 O_3

05 ایسڈ رین میں موجود کون سی میٹل مچھلیوں کے گلز کو بند کر کے آبی زندگی کو متاثر کرتی ہے؟

(a) Pb　　(b) Cr　　(c) Hg　　(d) $A\ell$

06۔ عام طور پر بارش کا پانی کون سی گیس کی وجہ سے کم ایسڈک ہوتا ہے؟

SO_3 گیس　　گیس　　SO_2 گیس　　NO_2 گیس

07 کون سی گیس زمین کی سطح کو الٹراوائلٹ ریڈی ایشنز سے محفوظ رکھتی ہے؟

N_2　　O_3

08 لیٹماسفیئر کے دو اہم اجزاء ہیں:

ہائیڈروجن اور آکسیجن　　نائٹروجن اور ہائیڈروجن

c) نائٹروجن اور آکسیجن　　d آکسیجن اور پانی

09 ---------- سیکنڈری پلوٹینٹ ہے۔

SO_2　　ℓ

10 کون سی گیس گرین ہاؤس گیس کہلاتی ہے؟

11 بلحاظ حجم کاربن ڈائی آکسائیڈ کا خشک ہوا میں تناسب ہوتا ہے:

0.03%　　0.93%　　20.94%　　78.09%

12 یٹوسفیئر کا 75% تقریباً کس میں موجود ہے؟

11 کلومیٹر　　15 کلومیٹر　　30 کلومیٹر　　35 کلومیٹر

13 ٹموسفیرک ٹمپریچر کو برقرار رکھنے والی گیسز کا گروپ کون سا ہے؟

نائٹروجن اور کاربن ڈائی آکسائیڈ　　b) کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی کے بخارات

نائٹروجن اور آکسیجن　　d آکسیجن اور پانی کے بخارات

14 زمین کا اٹموسفیئر کس کی وجہ سے مزید گرم ہو رہا ہے؟

کی کنسنٹریشن میں اضافے سے　　CO کی کنسنٹریشن میں اضافے سے

SO کی کنسنٹریشن میں اضافے سے　　O_3 کی کنسنٹریشن میں اضافے سے

15 مندرجہ ذیل میں سے کون سا گرین ہاؤس ایفیکٹ نہیں ہے؟

فوڈ چینز میں اضافہ　　اٹموسفیرک ٹمپریچر　فہ

سمندر کی سطح میں اضافہ　　سیلاب کے خطرات میں اضافہ

16 ایسڈ رین کی وجہ سے عمارتوں کو نقصان پہنچتا ہے کیونکہ یہ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سے ری ایکٹ کرتی ہے:

کیلسیم کاربونیٹ　　کیلسیم سلفیٹ　　کیلسیم آکسلیٹ　　کیلسیم نائٹریٹ

17۔ مندرجہ ذیل میں سے کون ہوا کا پلوٹینٹ نہیں ہے؟

(a) کاربن مونو آکسائیڈ (b) کاربن ڈائی آکسائیڈ (c) نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ (d) اوزون

18 آئرن اور سٹیل کی ساخت کس سے تباہ ہوتی ہے؟

کاربن مونو آکسائیڈ میتھین کاربن ڈائی آکسائیڈ سلفر ڈائی آکسائیڈ

19 زمین سے خارج ہونے والی انفرا ریڈ ریڈی ایشنز کس میں جذب ہوتی ہیں؟

N_2 اور اور O_2 اور O_2 اور N_2

20 کون سی گیس زمین کی سطح کو الٹرا وائلٹ ریڈی ایشنز سے محفوظ رکھتی ہے؟

CO O_3 N_2 CO_2

☆☆☆☆☆

(مختصر جوابی سوالات)

سوال01: زمین کتنے قدرتی سسٹمز پر مشتمل ہے؟ ان کے نام لکھئے۔

جواب: زمین درج ذیل چار سسٹمز پر مشتمل ہے:

لیتھوسفیئر، ہائڈروسفیئر، ایٹموسفیئر اور بائیوسفیئر

سوال02 CO صحت کے لیے نقصان دہ کیسے ثابت ہوتی ہے؟

جواب: CO ہوا کا ایک پلوٹینٹ ہے۔ بہت زیادہ زہریلی گیس ہونے کی وجہ سے یہ صحت کے لیے نقصان دہ ہے۔ بے رنگ اور بے بو ہونے کی وجہ سے اس کی موجودگی کو فوری اور آسانی سے محسوس نہیں کیا جا سکتا۔ جب یہ سانس کے ذریعے اندر جاتی ہے تو آکسیجن کی نسبت زیادہ تیزی سے ہیموگلوبن کے ساتھ ری ایکٹ کرتی ہے۔ جس کی وجہ سے جسم کو آکسیجن کی سپلائی میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے۔ CO گیس کی زیادہ کنسنٹریشن کی وجہ سے سر درد اور تھکاوٹ ہو جاتی ہے۔

سوال03 گلوبل وارمنگ کے اثرات تحریر کیجیے۔

جواب: 1۔ ہوا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کے اضافے کے نتیجے میں ہر سال تقریباً $0.05°C$ ایٹموسفیرک ٹمپریچر میں اضافہ ہو رہا ہے۔ 2۔ یہ ایٹموسفیرک سرکولیشن میں اہم تبدیلیوں کا باعث بن رہا ہے۔ جس کی وجہ سے موسموں میں تبدیلیاں پیدا ہو رہی ہیں۔ 3۔ انتہائی شدید موسم عام اور سابقہ کی نسبت شدت سے واقع ہو رہے ہیں۔

سوال04 نائٹرک آکسائیڈ کیسے پیدا ہوتا ہے؟

جواب: نائٹرک آکسائیڈ (NO) فضا میں بجلی کی چمک سے پیدا ہوتا ہے۔ انٹرنل کمبسچن انجنز، تھرمل پاور سٹیشنز یا فیکٹریز میں فوسل فیولز کے جلانے کے باعث نائٹروجن اور آکسیجن کے براہ راست ملاپ سے نائٹروجن مونو آکسائیڈ گیس بنتی ہے۔ $N_{2(g)} + O_{2(g)} \longrightarrow 2NO_{(g)}$

سوال05: <u>**ایسڈ رین کے دو اثرات لکھیے۔**</u>

جواب: 1۔ ایسڈ رین عمارتوں اور مجسموں کے ماربل اور چونے کے پتھروں میں موجود کیلشیم کاربونیٹ پر حمل کرتی ہے جس کی وجہ سے یہ عمارات اور مجسمے اپنا حسن اور چمک دمک کھو دیتے ہیں۔

2۔ ایسڈ رین زمین کی ایسڈیٹی میں اضافہ کرتی ہے جس کی وجہ سے اس قسم کی زمین میں بہت سی فصلیں اور پودے صحیح طریقے سے نشوونما نہیں پا سکتے۔

سوال06 <u>**انسنریشن کیا ہے اور فالتو مواد کو جلانا کیسے ہوا کی پلوشن کا باعث بنتا ہے؟**</u>

جواب: فالتو مواد کو جلانے والی بھٹی میں بہت زیادہ ٹمپریچر ($650°C$ سے $1100°C$) کے درمیان ناکارا اور فالتو مادوں کو جلانے کا عمل انسنریشن کہلاتا ہے۔ انسنریشن کا عمل ان کو ایش، فلو گیسز اور حرارت میں تبدیل کر دیتا ہے۔ اگرچہ یہ ناکارہ مادوں کے والیوم کو کم کر دیتا ہے لیکن یہ انتہائی زہریلی گیسز اور زہریلی راکھ پیدا کرتے ہیں۔ فلو گیسز میں ڈائی آکسنز، سلفر ڈائی آکسائیڈ، کاربن ڈائی آکسائیڈ، کاربن مونو آکسائیڈ اور ہائیڈروکلورک ایسڈ شامل ہیں۔

سوال07 <u>**اوزون اور اوزون ہول کی تعریف کیجیے۔**</u>

جواب: اوزون تین آکسیجن ایٹمز پر مشتمل آکسیجن کی ایلوٹروپک قسم ہے۔ جبکہ وہ ریجن جہاں اوزون ختم ہو جاتی ہے اوزون ہول کہلاتا ہے۔

سوال08 <u>**اوزون انسانی زندگی کے لیے مفید ہے۔ وجہ بیان کیجیے۔/ اوزون کا فنکشن بیان کیجیے۔**</u>

جواب: یہ زمین کو سورج سے آنے والی الٹراوائلٹ شعاعوں سے بچاتی ہے۔ الٹراوائلٹ ریڈی ایشنز جِلد کے کینسر کا باعث بن سکتی ہیں۔ پس سٹریٹوسفیئر میں موجود اوزون لیئر زمین پر موجود زندگی کے لیے مفید ہے۔

سوال09 <u>**ٹروپوسفیئر میں ٹمپریچر کے کم ہونے کے مظہر کی وضاحت کیجیے۔**</u>

جواب: سفیئر میں کاربن ڈائی آکسائیڈ اور واٹر ویپرز سورج کی ویزیبل شعاعوں کو گزرنے دیتی ہیں لیکن زمین کی سطح سے اٹھنے والی انفراریڈ شعاعوں کو جذب کر کے اٹموسفیئر کو گرم کرتی ہے۔ جیسے جیسے بلندی میں اضافے سے ان گیسز کی کنسنٹریشن بتدریج کم ہوتی ہے اسی لحاظ سے ٹمپریچر میں بھی $6°C$ فی کلومیٹر کی شرح سے کمی ہوتی ہے۔

سوال10 <u>**ہوا کے پرائمری اور سیکنڈری پلوٹینٹس میں موازنہ کیجیے۔**</u>

جواب:

پرائمری پلوٹینٹس	سیکنڈری پلوٹینٹس

پرائمری پلوٹینٹس وہ ناکارہ پروڈکٹس ہیں جو فوسل فیولز اور آرگینک اشیا کے جلنے سے بنتے ہیں مثلاً سلفر کے آکسائیڈ اور کاربن کے آکسائیڈز۔	سیکنڈری پلوٹینٹس پرائمری پلوٹینٹس کے آپس میں مختلف ری ایکشنز کے نتیجے میں بنتے ہیں۔ مثلاً سلفیورک ایسڈ اور نائٹرک ایسڈ۔

سوال11: **CO اور CO_2 کے اخراج کے اہم سورسز لکھیے۔ یا (کاربن کے آکسائیڈ کے سورسز)**

جواب: 1۔ فوسل فیولز کے جلنے سے 2۔ آتش فشاں پہاڑوں کے پھٹنے سے 3۔ جنگل کی آگ اور لکڑی کے جلانے سے

سوال12 **CO_2 اٹموسفیئر کو گرم کرنے کا باعث کیوں بنتی ہے؟ یا CO_2 گرین ہاؤس ایفیکٹ کا باعث کیسے بنتی ہے؟**

جواب: CO_2 سورج کی ہیٹ انرجی کو الٹراوائلٹ ریز کو اندر آنے دیتی ہے مگر زمین کی سطح سے اوپر اٹھنے والی انفراریڈ ریڈی ایشنز کو جذب کر لیتی ہے ا ریوں اٹموسفیئر سے ہیٹ انرجی کو واپس جانے سے روکتی ہے اور اٹموسفیئر کے گرم کرنے کا باعث ہے۔

سوال13 **ایسڈ رین کس طرح زمین کی ایسڈیٹی میں اضافہ کرتی ہے؟**

جواب: ہوا میں موجود سلفر اور نائٹروجن کے آکسائڈز بارش کے پانی سے مل کر سلفیورک ایسڈ اور نائٹرک ایسڈ میں تبدیل ہو کر زمین میں پہنچتے ہیں اور اس میں جذب ہو کر اس کی ایسڈیٹی بڑھا دیتے ہیں۔

سوال14 **اوزون کے خاتمے کے دو اہم اثرات بیان کیجیے۔**

جواب: ۔ یہ پودوں کے لائف سائیکل کو تبدیل کر کے فوڈ چین کو ناکارہ کر سکتی ہے۔

2۔ اوزون لیئر کی تباہی سے سورج کی الٹراوائلٹ ریڈی ایشنز زمین تک پہنچ کر جِلد کے کینسر کا باعث بنتی ہیں۔

سوال15 **سٹریٹوسفیئر میں اوزون لیئر کیسے بنتی ہے؟**

جواب: یَ کے درمیانی حصے سے بہت کم الٹراوائلٹ ریڈی ایشنز گزر رہی ہوتی ہیں یہاں آکسیجن ایٹم اور O_2 گیس دوبارہ مل کر اوزون (O_3) بناتی ہیں جو ایکسوتھرمک ری ایکشن ہے، اس ریجن میں اوزون کے بننے کی وجہ سے اوزون لیئر بن جاتی ہے۔ $O_2 + O \rightarrow O_3$

سوال16 **اٹموسفیرک ماس کا 75 فیصد ٹروپوسفیئر میں کیوں پایا جاتا ہے؟**

جواب: ٹ سفیئر کے ماس کا 75 فیصد پہلے 11 کلومیٹر میں موجود ہے کیونکہ سطح زمین کے قریب گیسوں کی کنسنٹریشن زیادہ ہے جبکہ ٹروپوسفیئر 12 کلومیٹر بلند ہے یعنی یہ زمین کی سطح سے 12 کلومیٹر تک ہے۔

سوال17 **کلوروفلوروکاربنز سے اوزون کی لیئر کو کیسے نقصان پہنچتا ہے؟ ری ایکشن لکھیے۔**

جواب: اوزون کی تباہی کا بنیادی باعث کلوروفلوروکاربنز (CFC) ہیں۔ یہ ایئر کنڈیشنز اور ریفریجریٹرز میں ٹھنڈک پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

$$CFC\ell_3 \rightarrow CFC\ell_2 + C\ell^{\bullet}$$

$$O_3 + C\ell^{\bullet} \rightarrow OC\ell + O_2$$

$$OC\ell \rightarrow O^{\bullet} + C\ell^{\bullet}$$

$$O^{\bullet} + O^{\bullet} \rightarrow O_2$$

سوال18: ایٹموسفیئر اور ماحول میں فرق بیان کیجیے۔

جواب: یٔ زمین کے گرد موجود مختلف گیسوں کا غلاف ہے۔ جبکہ ماحول سے مراد کسی جاندار کے ارد گرد کا ماحول ہے جس میں ہوا، پانی، مٹی اور دوسری تمام جاندار اشیا شامل ہیں۔

سوال19 والیوم کے لحاظ سے ایٹموسفیئر کی فیصد کمپوزیشن لکھئے۔

جواب: یٔ کی کمپوزیشن درج ذیل ہے:

گیس	والیوم کے لحاظ سے فیصد مقدار
نائٹروجن	78.9
آکسیجن	20.94
آرگون	0.93
کاربن ڈائی آکسائیڈ	0.03

سوال20 یٔ کیا ہے؟ س کی مختلف لیئرز کے نام لکھئے۔

جواب: زمین کے گرد مختلف گیسز کا غلاف ایٹموسفیئر کہلاتا ہے۔ یہ زمین کی سطح کے اوپر کی جانب مسلسل کسی حد کے بغیر پھیلا ہوا ہے۔

یٔ کی لیئرز: ٹروپوسفیئر، سٹریٹوسفیئر، میزوسفیئر، تھرموسفیئر۔

notespk.com

چیپٹر 15
پانی

اہم عنوانات

☆ پانی کی خصوصیات
پانی بطور سولوینٹ
سوفٹ اور ہارڈ واٹر
ہارڈ نیس کی اقسام
ہارڈ نیس کو ختم کرنے کے طریقے
واٹر ہارڈ نیس کے نقصانات
واٹر پلوشن
پانی سے پیدا ہونے والی بیماریاں

اہم نکات

پانی مخصوص ہیٹ کپیسٹی رکھتا ہے۔ بہت زیادہ سرفیس ٹینشن رکھنے کی وجہ سے کیپلری ایکشن کا مظاہرہ کرتا ہے۔
اپنی پولیرٹی اور ہائڈروجن بانڈنگ کی صلاحیت کی وجہ سے پانی ایک یونیورسل سولوینٹ ہے۔
سوفٹ واٹر صابن کے ساتھ جھاگ بناتا ہے۔
ہارڈ واٹر صابن کے ساتھ جھاگ نہیں بناتا۔
ہارڈ نیس کی دو اقسام ہیں: ٹمپریری اور پرمانینٹ
ٹمپریری ہارڈ نیس کیلسیم اور میگنیشیم کے بائی کاربونیٹس کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اس ہارڈ نیس کو پانی کو اُبال کر یا اس میں بجھا ہوا چونا $(Ca(OH)_2)$ ملا کر ختم کیا جا سکتا ہے۔
پرمانینٹ ہارڈ نیس کیلسیم اور میگنیشیم کے کلورائڈ اور سلفیٹس کی موجودگی کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اِس ہارڈ نیس کو پانی میں واشنگ سوڈا اور سوڈیم زیولائٹ شامل کر کے دُور کیا جا سکتا ہے۔
استعمال شدہ پانی ویسٹ واٹر یا سیوریج کہلاتا ہے۔
پانی میں پلوٹینٹس کا شامل ہونا واٹر پلوشن کہلاتا ہے۔

☆ انڈسٹریل افلیونٹس واٹر پلوشن کا سب سے اہم سبب ہیں ان میں زہریلے آرگینک کیمیکلز، اِن آرگینک سالٹس، بھاری میٹلز، منرل ایسڈز، آئل اور گریسیز وغیرہ شامل ہیں۔
گھریلو استعمال کے پانی میں باتھ، کچن وغیرہ کا گندا پانی شامل ہوتا ہے جو صفائی کے مقاصد میں استعمال ہونے والے ڈیٹرجنٹس پر مشتمل ہوتا ہے۔ ڈیٹرجنٹ نان بائیوڈی گریڈ ایبل ہونے کی وجہ سے آبی پودوں کی تیزی سے گروتھ کا باعث بنتے ہیں۔ جب یہ پودے مرتے اور گلتے سڑتے ہیں تو یہ پانی میں موجود آکسیجن استعمال کرتے ہیں پس آکسیجن کی کمی ایکوٹک لائف کی تباہی کا باعث بنتی ہے۔
یگریکلچر افلیونٹس فرٹیلائزرز اور پیسٹی سائڈز پر مشتمل ہوتے ہیں۔ یہ اشیا آبی پودوں کی تیز گروتھ کے لیے انہیں نائٹریٹس اور فاسفیٹ مہیا کرتے ہیں۔ جب یہ پودے مرتے ہیں اور گلتے سڑتے ہیں تو اِن کی بیکٹیریل ڈی کمپوزیشن کے عمل میں پانی میں موجود آکسیجن استعمال ہوتی ہے۔ پس آکسیجن کا خاتمہ ایکوٹک لائف کی تباہی کا باعث بنتا ہے۔
پانی سے پیدا ہونے والی بیماریاں وہ ہیں جو پلوٹڈ واٹر پینے سے لاحق ہوتی ہیں سینی ٹیشن کے مناسب انتظامات میں کمی ہونے کی وجہ سے بیماریاں پھیلتی ہیں۔ صاف پانی کو استعمال کرکے، سیوریج کے مناسب انتظامات اور زہریلے کیمیکلز کے استعمال کو قابو کرکے اِن بیماریوں سے بچا جاسکتا ہے۔

(کثیرالانتخابی سوالات)

01۔ کس ٹمپریچر پر پانی کی ڈینسٹی زیادہ ہوتی ہے؟

(a) $0^\circ C$ (b) $100^\circ C$ (c) $4^\circ C$ (d) $-4^\circ C$

02 $4^\circ C$ پر پانی کی ڈینسٹی۔۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہوتی ہے۔

$1gcm^{-3}$ $2gcm^{-3}$ $3gcm^{-3}$ $4gcm^{-3}$

03 پانی کی مخصوص ہیٹ کپیسٹی ہے:

$4.2kJg^{-1}K^{-1}$ $4.2Jg^{-1}K^{-1}$ $2.4kJg^{-1}K^{-1}$ $2.4Jg^{-1}K^{-1}$

04 دنیا کے کل پانی کا کتنے فیصد سمندری پانی پر مشتمل ہے؟

67% 77% 87% 97%

05 زمین پر موجود کل پانی کا کتنے فیصد پینے کے قابل ہے؟

0.1 0.2 0.3 0.4

06 وہ کون سا عمل ہے جس کے ذریعے پودوں میں جڑوں سے پتوں تک پانی اوپر چڑھتا ہے؟

کنڈنسیشن ٹرانسپائریشن کیپلری ایکشن ایویپوریشن

07 پانی نان آئیونک کمپاؤنڈ کو کس وجہ سے حل کرسکتا ہے؟

(a) آئن-آئن فورسز (b) آئن-ڈائی پول فورسز (c) ڈائی پول-ڈائی پول فورسز (d) ہائڈروجن بانڈنگ

08۔ پانی میں H – O – H بانڈ اینگل ہوتا ہے:

104.5^o 104.6^o 104.7^o 104.8^o

09 درج ذیل میں سے کون سا سالٹ واٹر کو پرمانینٹ ہارڈ بناتا ہے؟

Na_2CO_3 $NaHCO_3$ $Ca(HCO_3)_2$ $CaSO_4$

10 ٹمپریری ہارڈنیس کس وجہ سے ہوتی ہے؟

$Ca(HCO_3)_2$ $MgCO_3$ MgSO

11 درج ذیل میں سے کون سا آئن پانی میں ہارڈنیس کی وجہ نہیں بنتا؟

Ca^{2+} Mg^{2+} Na^+

12 پرمانینٹ ہارڈنیس کو کس کے استعمال سے ختم کیا جاسکتا ہے؟

سوڈا لائم سوڈیم زیولائٹ ان بجھا چونا چونے کا پانی

13 ٹمپریری ہارڈنیس کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی مدد سے ختم کیا جاسکتا ہے۔

ان بجھا چونا بجھا ہوا چونا چونے کا پتھر چونے کا پانی

14 پانی میں موجود نقصان دہ بیکٹیریا ختم کرنے کے لئے۔۔۔۔۔۔۔۔گیس استعمال کی جاتی ہے۔

آئیوڈین کلورین فلورین برومین

15 ہڈیوں اور دانتوں کے خراب ہونے کی وجہ کون سی بیماری ہے؟

فلوروسیس ہیپاٹائٹس ہیضہ یرقان

16 مندرجہ ذیل میں کون سی بیماری ڈائیریا کا سبب بنتی ہے اور مہلک ہوسکتی ہے؟

